مشترکہ پریس ریلیز: بھارت-کینیڈا قومی سلامتی مشیروں کی (NSA) سطح پر سلامتی سے متعلق مذاکرات (اکتوبر 06، 2026)

قومی سلامتی کے مشیر جناب اجیت ڈوبھال کی دعوت پر کینیڈا کے وزیر اعظم کے سینئر سفارتی اور بین الاقوامی امور کے مشیر، مسٹر ڈیوڈ موریسن نے 05-07 اکتوبر 2026 کو بھارت کا دورہ کیا.

2. نئی دہلی میں ہونے والا اجلاس قومی سلامتی مشیر سطح کی جاری دوطرفہ سلامتی مذاکرات کے ایک حصے کے طور پر منعقد ہوا. اس فارمیٹ میں گزشتہ مذاکرات ستمبر 2025 میں نئی دہلی اور فروری 2026 میں اوٹاوا میں منعقد ہوئے تھے.

3. دونوں فریقوں نے مارچ 2026 میں نئی دہلی میں اور جون 2026 میں ایویان میں G7 سربراہی اجلاس کے موقع پر اپنے اپنے وزرائے اعظم کی ملاقاتوں کے دوران فراہم کردہ رہنمائی کا اعتراف کیا.

4. انہوں نے گزشتہ ایک سال کے دوران جاری رہنے والے تعمیری دوطرفہ روابط پر طمانیت کا اظہار کیا، جو باہمی اعتماد، ایک دوسرے کے خدشات اور حساس معاملات کے احترام اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم سے رہنمائی حاصل کرتے رہے ہیں. انہوں نے جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے (CEPA) کے لیے مذاکرات کو آگے بڑھانے کی کوششوں کا خیرمقدم کیا. انہوں نے قیادت کے وژن کے مطابق بامعنی دوطرفہ دفاعی تعلقات کو آگے بڑھانے کے امکانات میں ہوئے اضافے پر بھی تبادلۂ خیال کیا.

5. اجلاس کے دوران دونوں فریقوں نے دوطرفہ سلامتی اور قانون نافذ کنندگان اداروں کے درمیان تعاون میں پیش رفت کا جائزہ لیا، جس میں فروری 2026 میں طے پانے والے مشترکہ سلامتی کے ورک پلان پر عمل درآمد بھی شامل ہے۔

6. انہوں نے سرحد پار منظم جرائم، دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی، انسانی اور منشیات کی اسمگلنگ، سائبر جرائم، بھتہ خوری اور مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کی حوالگی سے نمٹنے کے لیے باہمی رابطہ کاری اور تعاون کو مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا. انہوں نے عملی تعاون کے لیے مزید شعبوں کی نشاندہی کرنے کے اپنے عزم کا بھی اعادہ کیا، جس میں سائبر سلامتی اور اقتصادی سلامتی کے حوالے سے منظم مذاکرات کے قیام کے امکانات کا جائزہ لینا بھی شامل ہے.

7. دونوں فریقوں نے موجودہ ادارہ جاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے اور ضرورت کے مطابق نئے ذرائع قائم کرنے پر اتفاق کیا، تاکہ باہمی تشویش کے امور پر مؤثر رابطے اور بروقت معلومات کے تبادلے کو آسان بنایا جا سکے.

8. دونوں فریقوں نے علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت پر بھی تبادلۂ خیال کیا.

نئی دہلی
اکتوبر 07، 2026